25-05-2026 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

ا۔ریاست بھرمیں مہیلاشکتی سوپر بازار قائم کیئے جائیں گے۔سکریٹریٹ میں خواتین کے ایک ہفتہ طویل پروگرام کے موقع پر وزیراعلیٰ ریونت ریڈی کا بیان۔

۲۔دہلی میں حیدرآباد میٹرو سے متعلق 13 ہزار 600 کروڑ روپیوں کے قرض ری فینانس کیلئے آئی آر ایف سی کے ساتھ ہوا معاہدہ۔

۳۔ تلنگانہ۔کرناٹک کے بیچ آبی تقسیم کے مسائل پر آج حیدرآباد میں واقع سکریٹریٹ میں اہم اجلاس منعقد ہوا۔

۴۔تلنگانہ میں شدت کی گرمی۔آئندہ چاردنوں تک گرمی کا قہر برقرار رہے گا۔محکمہ موسمیات کا بیان۔

Rythu Bharosa Yatra

ریاست کے کسانوں کی مشکلات کو سمجھنے کیلئے آج سے بی جے پی نے تین روزہ رعیّتو بھروسہ یاترا شروع کی ہے۔بی جے پی لیڈروں کا کہنا ہے کہ فی الحال ریاست میں دھان کی کاشت کرنے والے کسان پریشان ہیں۔ان کے مسائل سے واقفیت حاصل کرنے کیلئے یہ یاترا شروع کی گئی ہے۔بی جے پی کے ریاستی صدر این رام چندرراؤ نے وقار آباد ضلع کے کولا کا چرلہ مارکٹ یارڈ سے یاترا کی شروعات کی۔اس موقع پر انہوں نے کہا کہ ریاستی حکومت کو چاہئے کہ وہ کسانوں کے دھان کا آخری دانا تک خریدے کیونکہ کسانوں نے رات دن ایک کرتے ہوئے فصل تیار کی ہے۔

Sound Byte : Ramchander Rao

اس موقع پر بی جے پی فلور لیڈر راے مہیشور ریڈی نے بھی خطاب کیا۔

Sound Byte: Maheshwar Reddy

واضح رہے کہ بی جے پی کی جانب سے شروع کردہ رعیّتو بھروسہ یاترا میں بی جے پی ایم ایل ایز، ایم ایل سیز، ارکانِ پارلیمنٹ، کونڈا ویشویشور ریڈی، ایٹلا راجندر و دیگر نے شرکت کی۔ بی جے پی کے دیگر قائدین نے کہا کہ اگر کسانوں کے ساتھ ناانصافی کی جاتی ہے تو ہم برداشت نہیں کریں گے۔ بی جے پی ہمیشہ کسانوں کے ساتھ کھڑی ہے۔

PTC - Vikarabad

Ponnam Prabhakar

ریاستی وزیر پونم پربھاکر نے کہا کہ حکومت نے کسانوں سے 75 لاکھ میٹرک ٹن دھان خریدنے کا ٹارگیٹ رکھا ہے۔ اسی ٹارگیٹ کے تحت حکومت کسانوں سے دھان کی خریداری کررہی ہے۔ اس کے علاوہ اضافی دھان کی خریداری کیلئے بھی حکومت تیار ہے۔ ریاستی وزیر نے کہا کہ کسانوں کی جانب سے پیدا کردہ فصل کا ہر دانا خریدا جائے گا۔ ریاستی حکومت کسانوں کیلئے جنگی پیمانہ پر فلاحی اقدامات کررہی ہے۔ ساڑھے آٹھ ہزار سے زائد دھان کی خریداری کیلئے مراکز قائم کیئے گئے ہیں۔ اس کے علاوہ ان مراکز میں موجود 8 لاکھ 50 ہزار میٹرک ٹن دھان جنگی پیمانہ پر خریدا جاچکا ہے۔

PTC - HYD

Minister Adluri

ریاستی وزیر اڈلوری لکشمن نے کہا کہ حکومت خراب دھان کو بھی خریدنے کیلئے تیار ہے جبکہ

مرکزی حکومت کا کوئی تعاون حاصل نہیں ہورہا ہے۔ جگتیال میں کانگریس پارٹی کی جانب سے منعقدہ احتجاجی پروگرام میں شرکت کے دوران ریاستی وزیر اے لکشمن نے یہ بات کہی۔ واضح رہے کہ پٹرول ڈیزل کی قیمتوں میں اضافہ کے خلاف آج کانگریس پارٹی کی جانب سے جگتیال میں بڑے پیمانہ پر احتجاج کیا گیا۔ کانگریس لیڈروں نے کہا کہ پٹرول ڈیزل کی قیمتوں میں اضافہ کرتے ہوئے مرکز کی بی جے پی حکومت عام آدمی کی مشکلات میں مزید اضافہ کررہی ہے اوران پر مالی بوجھ عائد کیا جارہا ہے۔

PTC - Jagtial

Weather

تلنگانہ میں شدت کی گرمی ہے۔ سخت گرمی کے سبب عوام پریشان ہیں۔ محکمہ موسمیات کی اطلاع کے مطابق آئندہ چار دنوں تک شدت کی گرمی برقرار رہے گی۔ شدت کی گرمی کے سبب محکمہ موسمیات نے کئی علاقوں میں ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔ اضلاع پداپلی، جئے شنکر بھوپال پلی، ملگو، بھدرادری کوتہ گوڑم اور کھمم میں ریڈ الرٹ جاری کیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ دیگر 8 اضلاع میں بھی شدت کی گرمی ہے۔ کمرم بھیم آصف آباد، منچریال، کریم نگر، نلگنڈہ، سوریہ پیٹ، محبوب آباد، ورنگل، ہنمکنڈہ اضلاع میں آرینج الرٹ جاری کیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ نرمل، نظام آباد، جگتیال، راجنا سرسلہ، جنگاؤں اضلاع میں ایلو الرٹ جاری کیا گیا ہے۔

Desk

Key

تلنگانہ ڈی ای ای سیٹ 2026ء کی پرائمری key جاری کی گئی ہے۔ ایس سی ای آر ڈائرکٹر، ٹی جی ڈی ای ای سیٹ کنوینر جی رمیش نے یہ بات کہی۔ انہوں نے کہا کہ امیدواروں کی ریسپانس شیڈ بھی جاری کی گئی ہے۔ امیدوار سرکاری ویب سائٹ پر جا کر پرائمری key اور ریسپانس شیڈ ڈاون لوڈ کر سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پرائمری key میں اگر کسی کو اعتراضات ہیں تو وہ لوگ اِس ماہ کی 26 تاریخ شام 5 بجے تک ای میل کے ذریعہ شکایت درج کرواسکتے ہیں۔

Desk

Adi Srinivas

ریاست میں کسانوں کی جانب سے پیدا کردہ دھان حکومت خریدنے کیلئے تیار ہے۔ سرکاری وہپ آدی سرینواس نے یہ بات کہی۔ انہوں نے کہا کہ ٹرکس کی قلت کے سبب دھان کی خریداری میں مشکلات پیش آرہی ہیں۔ حیدرآباد میں میڈیا سے خطاب کے دوران انہوں نے یہ بات کہی۔ آدی سرینواس نے کہا کہ حکومت جلد سے جلد کسانوں سے خریدی ہوئی دھان کو منتقل کرنے کے ہر ممکنہ اقدامات کررہی ہے۔ واضح رہے کہ اس دوران غیر موسمی بارش کی وجہ سے دھان کو نقصان ہوا ہے۔ اس کے باوجود حکومت کسانوں سے فصل خریدنے کو تیار ہے۔

Desk

Governor

آندھراپردیش اسمبلی کے ڈپٹی اسپیکر رگھوراما کرشناراجو، رکن پارلیمنٹ سی ایم رمیش آج حیدرآباد میں واقع لوک بھون پہنچ کر تلنگانہ کے گورنر شیو پرتاپ شکلا سے ملاقات کی۔ اس دوران مختلف

امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔اس سے قبل گورنر شیو پرتاپ شکلا نے 2025ء ٹرینی آئی اے ایس عہدیداروں سے ملاقات کی۔اس موقع پر گورنر کے سکریٹری ایم دانا کشور، ایم سی آر ایچ آر ڈی وائس چیرمین شانتی کماری، کورس ڈائرکٹر اوشارانی ودیگر بھی موجود تھے۔

Desk

Women's  Week

پرجا پالنا پرگتی پرانالیکا پروگرام کے تحت آج ریاست بھر خواتین کے ایک ہفتہ طویل پروگرام کا آغاز ہوگیا ہے۔ ایک ہفتہ طویل پروگرام کے پیش نظر وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے ریاست بھر کے 8 ہزار دیہی خواتین تنظیموں کی عمارتوں کی تعمیر کا ورچول افتتاح کیا۔ واضح رہے کہ یہ پروگرام اس ماہ کی 31 تاریخ تک منعقد ہوگا۔ریاستی وزیر سیتااکا نے یہ بات کہی۔انہوں نے کہا کہ کل خواتین کی قیادت میں 553 آرٹی سی بسوں کا افتتاح ہوگا۔ 27 مئی کو سولار پلانٹ کا افتتاح ہوگا۔اس کے علاوہ خصوصی پروگرامس منعقد کئے جائیں گے۔ 29 مئی کو اینکی بیوٹر پروگرام منعقد ہوگا۔30 مئی کو اماں کو اکشرا مالا پروگرام منعقد ہوگا۔ یہ تمام اضلاع میں اور منڈل سطح پر بھی پروگرامس منعقد ہوں گے اور 31 مئی کو اختتامی تقریب منعقد ہوگی۔

PTC - HYD

Revanth Reddy

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے کہا کہ ریاست بھر میں مہیلا شکتی سوپر بازار قائم کئے جائیں گے۔ سکریٹریٹ میں خواتین کے ایک ہفتہ طویل پروگرام کے موقع پر وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے یہ بات کہی۔اس دوران وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے بٹن دبا کر 8 ہزار اندرا استری شکتی عمارتوں کا

ورچول سنگ بنیاد رکھا۔ انہوں نے کہا کہ مہیلا شکتی سوپر بازار کے ذریعہ خواتین کو خود مکتفی بنایا جائے گا اوران کی جانب سے تیار کردہ اشیاء کی فروخت ہوگی۔

Sound Byte : Revanth Reddy

اس موقع پر نائب وزیر اعلیٰ بھٹی وکرامارکہ، ریاستی وزرا سیتااکا، سریدھر بابو، پنگولیٹی سرینواس ریڈی، رکن راجیہ سبھا ویم نریندر ریڈی، سرکاری مشیر وینوگوپال کے علاوہ مختلف محکموں کے عہدیدارودیگر بھی موجود تھے۔

Desk

Metro

حیدرآباد میٹرو سے متعلق 13 ہزار 600 کروڑ روپیوں کے قرض ری فینانس کیلئے آئی آر ایف سی کے ساتھ حیدرآباد میٹرو ریل لمیٹڈ اداہ نے ایک معاہدہ کیا ہے۔آئی آر ایف سی سی ایم ڈی منوج کماردوبے تلنگانہ حکومت کے سکریٹری کے راما کرشنا راؤ کی موجودگی میں دہلی میں معاہدہ ہوا۔ واضح رہے کہ 20 سال کے وقفہ کے دوران ہر تین ماہ میں رقم کی ادائیگی ہوگی۔ چیف سکریٹری راما کرشنا راؤ نے کہا کہ حیدرآباد معاشی طور پر ترقی کی سمت آگے بڑھ رہا ہےاورشہر میں ترقی ہورہی ہےاور ساتھ ہی ساتھ میٹرو کنکٹی ویٹی کو ترقی دی جارہی ہے۔ٹرافک مسائل کے حل کیلئے ہرممکنہ اقدامات کئے جارہے ہیں۔

Desk

Petrol

ریاست بھرمیں پٹرول ڈیزل اورایل پی جی کی سپلائی میں کوئی رکاوٹ نہیں ہے۔آئیل کمپنیوں

نے کہا کہ سپلائی چین جاری ہے۔ انڈین آئیل، بھارت پٹرولیم، ہندوستان پٹرولیم کی جانب سے گیس کی سپلائی وقتِ مقررہ پر جاری ہے۔ واضح رہے کہ ریاست میں فصل کی کٹائی، زرعی کاموں کیلئے مئی کے مہینہ میں ایندھن کی طلب میں اضافہ ہوا ہے۔ آئیل کمپنیوں کے مطابق اس سال مئی کے مہینہ میں ڈیزل کی فروخت میں 12.6 فیصد کا اضافہ ہوا ہے، وہی پٹرول کی فروخت میں 9 فیصد کا اضافہ درج کیا گیا ہے۔

Desk

Jalala Viniyogam

تلنگانہ۔ کرناٹک کے بیچ آبی تقسیم کے مسائل پر آج حیدرآباد میں واقع سکریٹریٹ میں اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اس دوران پینے کے پانی کی تقسیم پر دونوں ریاستوں کے عہدیداروں نے تبادلہ خیال کیا۔ اس اجلاس میں محکمہ آبپاشی کے وزیر اتم کمار ریڈی جبکہ کرناٹک کے وزیر بی راجو نے شرکت کی۔ اس موقع پر ریاستی وزیر جوپلی کرشنا راؤ، واکٹی سری ہری اور فینانس کمیشن کے نائب صدر جی چنا ریڈی، رائچور رکن پارلیمنٹ جی کمار نائک، ناگر کرنول ایم پی ملوروی کے علاوہ دیگر عوامی نمائندے بھی موجود تھے۔ اس دوران کرشنا ندی پر تعمیر کئے گئے بیریج اور اس کے استعمال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ریاستی وزیر اتم کمار ریڈی نے کہا کہ کرشنا ندی کے پانی کو زراعت اور پینے کیلئے استعمال کیا جائے گا۔

Desk

OO